کہارین گرلز کیڈٹ کالج کلر کہار
داخلہ امتحان 2023

جماعت نہم **پرچہ اردو**
کل نمبر 50 **وقت 50 منٹ**

سوال نمبر 1: درج ذیل عنوان میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں ۔(10)

- موبائل فون کے انسانی زندگی پر اثرات
- قدرتی آفات

سوال نمبر2 :درج ذیل اشعار کی تشریح کریں ۔ (10)

مجھے چلنا ہے ستا نہیں ہے سفر کرنا ہے گھبرانا نہیں ہے
کہیں بھی مجھ کو دیوانہ نہیں ہے حقیقت ہے یہ افسانہ نہیں ہے

سوال نمبر 3 : پیرا گراف کے مطابق درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیں :(10)

اسلامی تاریخ گواہ ہے کہ صحابہ کرام نے ہر آڑے وقت میں اپنے بھائیوں کی مدد کی اور ان کی ضرورت کو اپنی ضرورت پر ترجیح دی۔ غزوہ تبوک کے موقع پر جب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو خدا کی راہ میں مال و دولت دینے کا کہا تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فورا اپنا مال راہ خدا میں پیش کردیا جب کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہا نے تو سخاوت کی بے مثل تاریخ رقم کردی۔ انہوں نے اپنے گھر کا سارا سامان لا کر دے دو عالم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں میں ڈھیر کر دیا۔سرورکائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ان سے پوچھا کہ ابو بکر !گھر والوں کے لئے کیا چھوڑ کر آئے ہو؟ تو نے عرض کیا: اللہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم۔ صدیق اکبر کے اس عمل کی ترجمانی علامہ اقبال یوں کرتے ہیں ۔

پروانے کو چراغ ہے بلبل کو پھول بس
صدیق کے لیے ہے خدا کا رسول بس

(سوالات)

1. اسلامی تاریخ کس بات کی گواہ ہے ؟
2. پیرا گراف میں درد علامہ اقبال کے شعر کا مفہوم بیان کریں ۔
3. حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے سخاوت کی کیا مثال رقم کی؟
4. پیراگراف کا مرکزی خیال بیان کریں
5. کس موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو راہ خدا میں مال و دولت دینے کو کہا ؟

سوال نمبر 6 :محاورات کو جملوں میں استعمال کریں ۔(10)

منہ کی کھانا ، پانی پانی کرنا ، دال گلنا ،مٹھی گرم کرنا ، زبان دینا

سوال نمبر 7 **:درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیں :(10)**

1. تشبیہ سے کیا مراد ہے؟
2. کلمہ سے کیا مراد ہے کلمہ کی اقسام تحریر کریں۔